# 20-07-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ ریاست میں مندروں کی ترقی کیلئے ایک ہزار 290 کروڑ خرچ کئے جارہے ہیں۔

۲۔حیدرآباد کے لال دروازہ کے سمہاواہنی مہانکالی مندر میں جوش وخروش سے بونال تہوار جاری۔

۳۔ بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگزار صدر کے تارکا راما راؤ نے کہا کہ حلقہ بندیوں کی دوبارہ تقسیم میں جنوبی ریاستوں کونقصان نہیں پہنچانا چاہئے۔

اور

۴۔حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے اگلے 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ بھرمیں شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

Bonal

ڈپٹی سی ایم بھٹی وکرمانے کہا کہ دونوں شہروں میں بونال تہوار پرامن طریقہ سے جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ لال دروازہ سمہاواہنی دیوی کیلئے حکومت کی جانب سے ریشمی ملبوسات کا ہدیہ پیش کیا ہے۔انہوں نے اعلان کیا کہ ریاست بھرمیں مندروں کی ترقی کے لئے 1.290 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں اور دونوں شہروں میں بونال کیلئے خاص طور پر 20 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔اسی طرح حیدرآباد میں لال دروازہ سمہاواہنی مہانکالی دیوی کی پوجا زوروشور سے جاری ہے۔آج صبح سے ہی بڑی تعداد میں عقیدت مندوں نے مہانکالی مندر کا دورہ کیا اور پوجا کی اور بونال پیش کیا۔مندر میں چار قطاریں لگائی گئی ہیں۔ بونال لانے والوں کے لئے خصوصی قطار لگائی گئی ہے۔1200 پولیس اہلکاروں اور 10 شی ٹیموں نے مندر میں سخت حفاظتی انتظامات کئے ہیں۔ریاستی وزراء پونم پربھاکر، کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، چیرمین بی آرنائیڈو اور کئی مشہور شخصیات نے دیوی مہانکالی مندر کا دورہ کیا۔

Suresh Reddy

بی آر ایس کے رکن پارلیمنٹ سریش ریڈی نے کہا کہ حد بندی کے عمل پر پارلیمنٹ میں جامع بحث ہونی چاہیئے۔ وہ چاہتے ہیں کہ یہ عمل جنوبی ریاستوں کو کوئی نقصان پہنچائے بغیر کیا جائے۔ انہوں نے یہ بھی تجویز پیش کی کہ ان کی پارٹی دریاؤں کو آپس میں جوڑنے کے خلاف نہیں ہے اور دریاؤں کو آپس میں جوڑنے کا کام مناسب اجازت اور مشاورت سے ہونا چاہیئے۔ سریش ریڈی نے واضح کیا کہ اگر ندیوں کو آپس میں جوڑنے کے نام پر پانی کا استحصال کیا جاتا ہے تو یہ تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔

Domala Nivarana

جی ایچ ایم سی کمشنر آروی کرنن نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے اندر مچھروں کی روک تھام کے لئے سخت حفاظتی اقدامات کریں۔ انہوں نے محکمہ صحت اور طب کے عہدیداروں کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عہدیدار ذاتی طور پر جا کر اینٹی لاروا آپریشنز کی نگرانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ ڈینگو اور ملیریا سے بچاؤ کے لئے پانی کو ذخیرہ نہ کرنے کے بارے میں شعور بیدار کریں۔ کمشنر نے تجویز دی کہ اسکولوں اور کالجوں میں بھی اینٹی لاروا آپریشن منعقد کیا جائے۔ کمشنر نے عہدیداروں کو دونوں شہروں میں جاری سڑکوں کی مرمت کا کام ایک ہفتہ کے اندر مکمل کرنے کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سڑکوں پر موجود گڑھوں کی بھی مرمت کی جائے اور کہیں بھی پانی جمع ہونے سے روکنے کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں۔

Weather

حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے اگلے 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ بھر میں شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ کل مشترکہ عادل آباد، مشترکہ کریم نگر، ورنگل، بھوپالاپلی، محبوب آباد اور ناگرکرنول اضلاع میں بارش کا امکان ہے۔ بتایا گیا ہے کہ باقی اضلاع میں جاریہ ماہ کی 24 تاریخ تک بارش متوقع ہے۔

V. Ramana Reddy

بی آر ایس ایم ایل اے، کے وینکٹ رمنا ریڈی نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد ریاست میں تقریباً 500 کسانوں کی موت ہو چکی ہے۔ انہوں نے حکومت کو کسانوں کی بالکل پرواہ نہ کرنے اور ان کے مسائل پر توجہ نہ دینے پر حکومت پر تنقید کی۔ رمنا ریڈی نے واضح کیا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کسانوں کو کھاد کی دستیابی کا جائزہ نہیں لے رہے ہیں اور مطالبہ کے مطابق کھاد کی فراہمی کی ذمہ دار حکومت ہے۔

Rahul Sipligunj

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے راہول سپلی گنج کی تعریف کی جو حیدرآباد سے آسکر کی سطح پر خود کی کوشش کے ذریعہ ترقی کرتے ہوئے نوجوانوں کے لئے ایک مثال قائم کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے راہول کیلئے ایک کروڑ روپے کے انعام کا اعلان کیا۔

parliament session

مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ حکومت پارلیمنٹ میں آپریشن سندور اور دیگر اہم مسائل پر بات کرنے کے لئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کل سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس میں 17 بل پیش کئے جائیں گے۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ہم آہنگی ہوگی تو ایوان کا کام خوش اسلوبی سے چلے گا۔

KTR

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگزار صدر کے تارکا راما راؤ نے کہا کہ حلقہ بندیوں کی دوبارہ تقسیم میں جنوبی ریاستوں کو نقصان نہیں پہنچانا چاہئے۔ انہوں نے راجستھان کے جے پور میں منعقدہ ایک پروگرام میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ آبادی پر قابو پانے کے عمل کو موثر طریقہ سے نافذ کرنے والے جنوبی ہندوستان کو اگر اس معاملہ میں نقصان پہنچا تو عوام کی طرف سے مخالفت اور عدم اطمینان کا امکان ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مادری زبان صرف بولنے کے لئے نہیں ہوتی بلکہ ثقافت کی پہچان ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں 22 سرکاری زبانیں اور 300 غیر سرکاری زبانیں ہیں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ مرکزی حکومت ہندی زبان کے تعلق سے جنوبی ریاستوں میں نرمی کا رجحان اپنائے۔

## national arogya mission

حکومت نے نیشنل ہیلتھ مشن کے تحت ریاست میں کام کرنے والے 51,451 کنٹراکٹ اور آؤٹ سورس ملازمین کی سروس میں مارچ 2026 تک توسیع کی ہے۔ان کا معاہدہ جاریہ اس سال مارچ میں ختم ہوگیا تھا لیکن ان کی سروس میں تین ماہ کی توسیع نہیں کی گئی تھی۔موجودہ حکومت نے ان کی خدمات کی تجدید کی ہے۔یہ پردھان منتری ابھیم اسکیم کے تحت 1,500 لوگوں اور این ایچ ایم اور مختلف اسکیموں کے تحت کام کرنے والے مزید 1,760 لوگوں کی خدمت کو مزید ایک سال تک جاری رکھے گا۔

## Rajanna Sircilla

راجنا سرسلہ ضلع کے ایس پی مہیش بی گیتے نے کہا کہ پولیس افسران اور اہلکار بلدیاتی انتخابات کے لئے تیار رہیں۔ پولیس افسران اور اہلکاروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امن وامان کے مسائل کو روکنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ایس پی نے واضح کیا کہ انہیں ہمیشہ عوام کے لیے دستیاب رہنا چاہیے اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث افراد پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

## Jangaon

جنگاؤں ضلع کلکٹر رضوان باشا شیخ نے کہا کہ ریاستی حکومت اعلیٰ تعلیم ، غذائیت سے بھرپور خوراک اور بہتر بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کے حکومت کے ہدف کے ساتھ تعلیمی نظام میں تبدیلیاں لا رہی ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ ضلع بھر کے سرکاری پرائمری سکولوں میں یوسیٹنگ سسٹم کے ساتھ تجربہ کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یوسیٹنگ سسٹم سے ٹیچر کی توجہ کلاس روم میں ہر طالب علم پر رہے گی اور طلباء کی سیکھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ یوسیٹنگ کی وجہ سے تمام طلباء کا ارتکاز استاد کی پڑھائی کی طرف رہے گا اور ان کی سیکھنے کی صلاحیت میں بہتری آئے گی۔انہوں نے کہا کہ اگر طلبہ کو اس نظام میں کلاس روم میں بٹھایا جائے تو طلبہ میں عدم مساوات ختم ہوگی اور خود اعتمادی بڑھے گی۔کلکٹر نے کہا کہ کلاس روم کے رقبے اور طلباء کی تعداد کے لحاظ سے یوشکل کے بیٹھنے کے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔

Nagarjuna Sagar

بالائی علاقوں میں سیلاب کی وجہ سے حکام نے ناگرجنا ساگر کی بائیں نہر میں پانی چھوڑ دیا ہے۔ساگر ریزروائر میں پانی کی سطح 565فٹ تک پہنچنے کے بعد 1000 کیوسک پانی چھوڑا گیا۔منصوبے کی زیادہ سے زیادہ پانی کی سطح 590فٹ ہے تاہم سیلابی پانی اس وقت 565فٹ تک پہنچ چکا ہے۔

Indira Mahila Shakti

ناگرکرنول ضلع کے کلکٹر بھاداوت سنتوش نے کہا کہ ریاستی حکومت خواتین کی ہمہ جہت ترقی کیلئے مختلف ترقیاتی و فلاحی پروگراموں کوروبہ عمل لارہی ہے۔کلواکرتی میں منعقدہ اندرامہیلاشکتی تقاریب میں کلکٹر کے علاوہ رکن اسمبلی گسی ریڈی نارائن ریڈی نے شرکت کی۔اس موقع پرانہوں نے 57 سلف ہلپ گروپس کی خواتین میں چکس اور مستحقین میں نئے راشن کارڈس تقسیم کئے۔

Sound Byte.

Bhadradri Kothagudem

فورس پروجیکٹ کے بھدراچلم پرنسپل انوسٹی گیٹر،آئی آئی ٹی بمبئی کے پروفیسر کنن نے آج بھدراچلم میں قبائلی میوزیم کا دورہ کیا تاکہ آئی ٹی ڈی اے، کے ذریعہ قبائلیوں کوفراہم کی جانے والی مختلف خودروزگاراسکیموں اور فلاحی اسکیموں کی عمل آوری کا معائنہ کیا جاسکے۔ضلع کلکٹر جیتیش وی پاٹل اورآئی ٹی ڈی اے پروجیکٹ آفیسر بی راہول نے پروفیسر کنن کے ساتھ میوزیم کا دورہ کیا۔انہوں نے کہا کہ میوزیم کواس طرح سے ڈیزائن کیا گیا ہے جوموجودہ نسل کوخطرے سے دوچار قبائلی ثقافت، روایات اوررسم ورواج کے بارے میں آگاہ کرے گا۔انہوں نے کہا کہ قبائلی اشیاء، زیورات اوران کے طرز زندگی کی پینٹنگز کی نمائش خاصی متاثر کن تھی۔کلکٹر جیتیش وی پاٹل نے کہا کہ وائی ٹی سی کے ذریعہ بے روزگارقبائلی نوجوانوں کوآئی ٹی ڈی اے کے ذریعہ خصوصی تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ سرکاری اورنجی شعبوں میں روزگارحاصل کرسکیں۔

Aadi Srinivas

ویملواڑہ کے رکن اسمبلی آدی سرینواس نے کہا کہ ریاستی حکومت دیہاتوں کی ترقی کو اہمیت دے رہی ہے۔ ریاستی حکومت کے وہپ اور ویملواڑہ کے ایم ایل اے آدی سرینواس نے راجنا سرسلہ کے ویملواڑہ منڈل کے ہمنا جی پیٹ میں نا کہ واری واگو میں کورٹلہ ویملواڑہ سڑک پر تعمیر کئے گئے دو پلوں کا افتتاح کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آدی سرینواس نے کہا کہ ان پلوں کے افتتاح کے ساتھ ہی گزشتہ چند برسوں سے عوام کو درپیش آمدورفت کے مسائل دور ہو گئے ہیں۔

☆☆